# 10-08-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔کابینی ذیلی کمیٹی نے تمام اہل استفادہ کنندگان کے لئے سفید راشن کارڈس جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

۲۔وزیر فینانس نرملا سیتارمن نے کوُر بینکنگ پر توجہ مرکوز کرنے بینکس پر زور دیا۔

۳۔بی آر ایس لیڈر و سابق وزیر ہریش راو نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ جامع ایکشن پلان پر عمل کے ذریعہ ریاست میں کتوں کی لعنت پر موثر طور پر قابو پانے کے اقدامات کئے جائیں۔

اور

۴۔مرکزی وزیر امورِ نوجوانان و کھیل کود ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے پیرس اولمپکس میں برونس میڈل حاصل کرنے والی ہندوستانی ہاکی ٹیک کو تہنیت پیش کی۔

☆☆☆

وزیر فینانس نرملا سیتارمن نے بینکنگ پر توجہ مرکوز کرنے بینکس پر زور دیا۔انہوں نے آج نئی دہلی میں ریزرو بینک آف انڈیا کے سنٹرل بورڈ آف ڈائرکٹرس کے ساتھ اجلاس کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے بینکس سے خواہش کی کہ وہ اپنی اہم تجارت کو ترجیح دیں جس کے ذریعہ ڈپازٹس حاصل کئے جاسکیں اور قرض دیئے جاسکیں۔گورنر آر بی آئی شکتی کانتاداس جو اس اجلاس میں موجود تھے نے کہا کہ بینکس شرح سود کا تعین کرنے کیلئے آزاد ہیں۔انہوں نے کہا کہ جمع کردہ رقم پر سود کی شرح اور قرض پر سود کی شرح بے قاعدہ ہیں۔وزیر فینانس نے کا کہا کہ بینکنگ قواعد میں ترمیمات جس کو حکومت نے لایا ہے، کا طویل عرصہ سے انتظار کیا جارہا تھا۔انہوں نے کہا کہ ترمیمات میں کوآپریٹیو بینکنگ شعبہ سے متعلق اہم اصلاحات بھی شامل ہیں۔یہ اجلاس بجٹ 2024-25 اور فینانس بل کی لوک سبھا میں منظوری کے ایک دن کے بعد منعقد کیا گیا ۔اس بل میں بعض ترمیمات حکومت کی جانب سے کی گئی ہیں۔مرکزی مملکتی وزیر فینانس پرکاش چودھری بھی اس اجلاس میں موجود تھے۔

☆☆☆

ڈائرکٹوریٹ آف ریونیو انٹلی جنس حیدرآباد زونل یونٹ نے دو افراد کو گرفتار کرتے ہوئے ان کے قبضہ سے 60 لاکھ روپئے مالیت کی منشیات ضبط کیں۔ایک مخصوص انٹلی جنس اطلاع پر ڈی آر آئی کے عہدیداروں نے حیدرآباد میں گذشتہ روز دو افراد کو پکڑا جو نیوزی لینڈ کو یہ منشیات کوریئر کے ذریعہ بھیجنے کیلئے ان کی پیکنگ کررہے تھے۔ڈی آر آئی نے کہا کہ ان پیاکٹس میں سفید شئے پائی گئی جن کا معائنہ کرنے پر ان کے منشیات کے ہونے کا پتہ چلا۔اس بیان میں کہا کہ مزید تحقیقات جاری ہے۔

☆☆☆

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران عادل آباد، آصف آباد، منچر یال، جے شنکر بھوپال پلی، مُلگ اور بھدرادری کوتہ گوڑم میں بعض مقامات پر گرج و چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ آئندہ 7 دنوں کے دوران ریاست کے بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط یا پھر گرج و چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بعض مقامات پر بارش ہوئی۔

☆☆☆

تلنگانہ کے محکمہ ڈاک نے ہر گھر ترنگا تیسرے مرحلہ کی مہم کے تحت قومی پرچم کی فروخت کا آغاز کیا ہے۔ ملک گیر سطح کے اس قدم کا مقصد آنے والے یوم آزادی کے دوران گھروں پر قومی پرچم لہرانے کے لئے حوصلہ افزائی کرتے ہوئے شہریوں میں حب الوطنی اور اتحاد کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ سرکاری ریلیز کے مطابق تلنگانہ کے 33 اضلاع میں پھیلے 6214 ڈاک خانوں میں سے کسی سے بھی 25 روپے میں 20 انچ لمبائی اور 30 انچ چوڑائی والے قومی ترنگے دستیاب کروائے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں آسانی کے ساتھ ان کی دستیابی کے لئے ای پوسٹ آفس پورٹل کے ذریعہ ان کی آن لائن خریداری کی سہولت بھی متعارف کی گئی ہے۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی کل نئی دہلی میں 109 اعلیٰ پیداوار موسمی تبدیلی والی اقسام کی فصلوں کو جاری کریں گے۔ وزیراعظم کسانوں اور سائنسدانوں سے تبادلہ خیال بھی کریں گے۔ وزیراعظم کے دفتر نے کہا کہ 109 اقسام کو جاری کیا جائے گا جس میں 61 فصلیں اور 27 باغبانی کی فصلیں ہیں۔ فیلڈ کراپس میں مختلف اناج کے تخم کو شامل کیا گیا ہے۔ مختلف اقسام کے پھلوں، ترکاریوں، مصالحہ جات، پھولوں اور جڑی بوٹیوں کے پودے بھی اس میں شامل کئے گئے ہیں۔

☆☆☆

مرکزی وزیر امورِ نوجوانان و کھیل کود ڈاکٹر منسکھ منڈاویا نے پیرس اولمپکس میں برونس میڈل حاصل کرنے والی ہندوستانی ہاکی ٹیک کو تہنیت پیش کی۔ انہوں نے ٹیم کے لگن اور سخت محنت کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ عالمی سطح پر نمایاں مظاہرہ نے پورے ملک کا سر فخر سے اونچا کر دیا ہے۔ ٹیم سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس ٹیم نے ہندوستان کے اتھلیٹس کے لئے جذبہ پیدا کیا ہے۔

☆☆☆

نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ڈیزاسٹر مینجمنٹ نے ڈیزاسٹر مینجمنٹ میں خلائی تکنالوجی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ایک روزہ قومی ورکشاپ کے اہتمام کے ذریعہ پہلے قومی خلائی دن کو یاد کیا۔ اِس ورکشاپ کا اہتمام گزشتہ روز نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھاریٹی کے اشتراک سے مرکزی وزارتِ داخلہ نے کیا تھا۔

☆☆☆

وزیر شہری ہوابازی رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ ایرپورٹس پر بین الاقوامی معیار کے ساتھ سیکورٹی کو برقرار رکھا جارہا ہے۔ انہوں نے مسافروں سے کہا کہ وہ شمس آباد ایرپورٹ پر چیکنگ اور سیکورٹی کے بارے میں چوکس رہیں اور سیکورٹی اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں۔ شہر حیدرآباد کے شمس آباد انٹرنیشنل ایرپورٹ پر ایوی ایشن سیکورٹی کلچرل ویک کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کے مہمان خصوصی رام موہن نائیڈو نے پودا لگایا۔ انہوں نے اس موقع پر تمام سے خواہش کی کہ وہ اپنی ماں کے نام پر پودے لگانے کی مودی کی اپیل میں حصہ لیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلی آندھراپردیش این چندرابابو کی دوراندیشی کی وجہ سے شمس آباد ایرپورٹ قومی سطح پر چوتھے مقام پر ہے۔ رام موہن نائیڈو نے کہا کہ تلنگانہ میں نئے ایرپورٹس کا قیام زیر غور ہے۔ اس سلسلہ میں مناسب فیصلہ لیا جائے گا۔

☆☆☆

وزیر شہری ہوابازی رام موہن نائیڈو نے حیدرآباد میں بیورو آف سیول ایوی ایشن سیکورٹی کے زیر اہتمام 10 کلومیٹر کی میراتھن کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ پروگرام ملک بھر میں منعقد ہونے والے ایوی ایشن سیکوریٹی کلچر ویک کے حصہ کے طور پر حیدرآباد کے راجیو گاندھی ایرپورٹ پر منعقد کیا گیا تھا۔اس موقع پر وزیر موصوف نے ایرپورٹ کی سیکورٹی کی اہمیت کو بیان کیا۔ایرپورٹ اسٹاف، بی سی اے ایس کے ڈی ڈی جی رامیا بھارتی، بی سی اے ایس کے ریجنل ڈائریکٹر انیل کمار اور مختلف شہری ہوابازی تنظیموں کے کئی سینئر افسران نے اس تقریب میں شرکت کی۔

☆☆☆

بی آر ایس لیڈر و سابق وزیر ہریش راو نے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ جامع ایکشن پلان پر عمل کے ذریعہ ریاست میں کتوں کی لعنت پر موثر طور پر قابو پانے کے اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ اِس مسئلہ کے حل کے لئے مناسب اقدامات میں کمی کے نتیجہ میں آوارہ کتوں کے حملوں کے واقعات میں اضافہ ہورہا ہے۔ ورنگل کے ایم جی ایم ہاسپٹل میں گزشتہ روز نوزائدہ بچے پر حملہ کرتے ہوئے اس کو کھالینے والے دردناک واقعہ کے باوجود حکومت خاموش بیٹھی ہوئی ہے۔سابق وزیر نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ تمام پرائمری ہیلتھ سنٹرس اور سرکاری دواخانوں میں اینٹی ریبیس ٹیکے فراہم کئے جائیں۔اسی دوران نائب صدر پی سی سی نرنجن نے ریاستی حکومت پر زور دیا کہ آوارہ کی بڑتی ہوئی لعنت سے نمٹنے اور ان کے حملوں کے واقعات کو روکنے کے لئے خصوصی مہم چلائی جائے۔ انہوں نے گاندھی بھون میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے آورہ کتوں کے واقعات میں اضافہ پر تشویش کا اظہار کیا۔

☆☆☆

بی آر ایس کے ارکان اسمبلی کے سنجے اور پدی کوشک ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست کے اقامتی اسکولس میں حالات پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ان ارکان اسمبلی نے کہا کہ ریاست میں تعلیمی اداروں کی شبیہ بہتر نہیں رہی۔انہوں نے تلنگانہ بھون میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری ہاسٹلس اور اقامتی اسکولس میں 36 طلبہ کی موت ہوئی جبکہ کانگریس کے سات ماہ کے دوران 500 طلبہ کو سمیت غذا کے سبب دواخانہ میں شریک کروایا گیا۔ سنجے نے کہا کہ ان کے خود کے حلقہ میں سمیت غذا سے 6 طلبہ متاثر ہوئے جن میں 2 کی موت ہوگئی۔